13 نومبر 2014ء

بیرون ملک مقیم پاکستانیوں نے رواں مالی سال کے پہلے چار ماہ میں 6 ارب ڈالر سے زائد رقم بھیجی

بیرون ملک مقیم پاکستانیوں نے رواں مالی سال (م س 15ء) کے پہلے چار ماہ کے دوران 6077.82 ملین ڈالر کی رقم وطن بھجوائی جس سے گذشتہ مالی سال (م س 14ء) کے اسی عرصے میں بھجوائی گئی رقم 5275.61 ملین ڈالر کے مقابلے میں 15.21 فیصد کی متاثر کن نمو ظاہر ہوتی ہے۔

اکتوبر 2014ء کے دوران سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ، برطانیہ، خلیج تعاون کونسل کے ملکوں (بشمول بحرین، کویت، قطر اور عمان) اور یورپی یونین کے ملکوں سے بالترتیب 374.65 ملین ڈالر، 318.59 ملین ڈالر، 213.39 ملین ڈالر، 185.55 ملین ڈالر، 153.09 ملین ڈالر، اور 30.28 ملین ڈالر پاکستان بھجوائے گئے جبکہ اکتوبر 2013ء میں ان ملکوں سے آنے والی رقوم بالترتیب 353.46 ملین ڈالر، 276.48 ملین ڈالر، 225.25 ملین ڈالر، 197.08 ملین ڈالر، 157.32 ملین ڈالر، اور 40.11 ملین ڈالر تھیں۔ اکتوبر 2014ء کے دوران ناروے، سوئٹزرلینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ملکوں سے آنے والی ترسیلات زر مجموعی طور پر 107.58 ملین ڈالر رہیں جبکہ گذشتہ مالی سال (م س 14ء) کے ماہ اکتوبر میں ان ملکوں سے موصولہ رقم 97.97 ملین ڈالر تھی۔

☆☆☆